SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday, November 12, 1998

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at Five minutes to 6 O'Clock in the evening with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رب المشرقین ورب المغربین O فبا ی الا ء ربکما تکذبٰن O
مرج البحرین یلتقیٰن O بینھما برزخ لا یبغیٰن O فبای الاء
ربکما تکذبٰن O یخرج منھما اللو لو والمرجان O فبای الاء ربکما
تکذبٰن O

ترجمہ: وہی دونوں مشرقوں اور دونوں مغربوں کا مالک (ہے) Oتو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ O اسی نے دو دریا رواں کئے جو آپس میں ملتے ہیں O دونوں میں ایک آڑ ہے کہ (اس سے) تجاوز نہیں کرسکتے Oتو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ O دونوں دریاؤں سے موتی اور مونگے نکلتے ہیں Oتو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ O۔

QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Chairman: Question hour. Again I have received a request from the Education Ministry requesting that the reply could not be finalized and received from the quarter concerned. It is, therefore, requested that questions No. 112, 113, 114, 116 and 118 pertaining to the Ministry of Education may kindly be deferred.

میاں صاحب یہ درخواست آئی ہے کہ Education Ministry کے پانچ سوالات defer کئے جائیں۔ پہلے تو یہ بتائیں کہ Education Minister صاحب کدھر ہیں؟

میاں محمد یٰسین خان وٹو: جی وہ اسلام آباد سے باہر ہیں۔

جناب چیئرمین: انہیں پتا نہیں کہ سینٹ کا اجلاس چل رہا ہے۔

Does he not know that the session is on and that his presence is required here.

میاں محمد یٰسین خان وٹو: جناب انہیں کچھ کام تھا۔

Mr. Chairman: This is not acceptable Mian Sahib.

میں نے آپ سے پہلے بھی کہا ہے please inform the Prime Minister that they are showing no respect to the House. یہ کیسے چلے گا۔ انہوں نے مذاق بنایا ہوا ہے۔ جس کی مرضی ہوتی ہے وہ آجاتا ہے۔ جس کی مرضی نہیں ہوتی وہ نہیں آتا۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو: میں جناب وزیر اعظم صاحب سے استدعا کروں گا کہ وہ سارے وزراء صاحبان سے درخواست کریں کہ وہ ہاؤس میں تشریف لائیں۔

جناب چیئرمین: یہ ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ ہاؤس کو اولیت دیں بعد میں باقی کام ہوتے ہیں۔ اگر کسی مجبوری کی وجہ سے کوئی نہیں آسکتا تو then he should first inform you and has simultaneous arrangement ۔ یہ تو طریقہ ٹھیک نہیں ہے کہ جی عین وقت پہ کہہ دیں کہ جی میں نہیں آسکتا۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو: جناب مجھے آپ کے ارشادات کا بڑا احترام ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں یہ میرے ارشادات نہیں یہ ہاؤس کی requirement ہے، یہ Parliamentary system کی requirement ہے۔ مجھے یاد ہے کہ چند سال پہلے کوالالمپور میں Heads of Government کی میٹنگ ہو رہی تھی and this was told to me by Sahibzada Yaqub Khan کہ مجھے ان کا وزیر خارجہ ملا۔ اس نے کہا کہ جی I have to go back tomorrow انہوں نے کہا کہ جی کیا بات ہے۔ کانفرنس تو ابھی کچھ دن چلے گی۔ اس نے کہا کہ جی میرا question ہے in the House of Commons so I have to go تو یہ روایات ہوتی ہیں۔ یہ تو نہیں کہ جی جب دل چاہا کہ جی میں نہیں ہوں۔ تو کس طرح چلے گا یہ کام۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو: جی میں کوشش کروں گا کہ جی ہمارے وزیر صاحب یہاں موجود رہا کریں۔

جناب چیئرمین: جی This is wrong غلط بات ہے۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ: جناب یہ آپ نے پورے ہاؤس کی ترجمانی کی ہے۔ یہ حقیقت ہے جی جس طرح سے آپ نے فرمایا ہم سب اس کی تائید کرتے ہیں تمام سینیٹر صاحبان، حکومت والے ممکن ہے نہ کریں ہم تو ضرور کریں گے اس لئے کہ آپ نے اس ایوان کو عزت اور وقار دیا اور آپ ویسے بھی اس کے custodian ہیں۔

جناب یہ سوالات کافی دن پہلے دیے جاتے ہیں اور پھر education تو سب سے important ہے۔ سارا ملک اس تعلیم کی وجہ سے suffer کر رہا ہے۔ ہمارے ہاں تعلیم برائے نام ہو کے رہ گئی ہے اور جو سرکاری ادارے ہیں آپ حیران ہونگے خدا جانتا ہے کہ دل دکھتا ہے کہ یہ کیا پیداوار ہے۔

جناب چیئرمین: بہرحال یہ غلط روایت ہے۔

ڈاکٹر عبد الحئی بلوچ: ہم آپ سے اتفاق کرتے ہیں۔ آپ ان کو پابند کریں۔

Mr. Chairman: Please convey this message to the honourable Minister for Education that we do not want to repeat this in future.

مخدوم محمد جاوید ہاشمی: جناب والا! میں ایک گزارش کرنا چاہتا ہوں۔ یہ آپ نے

جو فرمایا ہے۔ اس کا احساس بھی ہمیں ہے اورہم سب جب بھی Question Hour ہو ہم سارے کام چھوڑ کے حاضر ہوتے ہیں۔

مجھے ایک problem آ رہا ہے۔ کل دس سوالات ہیں health کے بارے میں جو سارے کے سارے جوابات آ چکے ہیں۔ مگر ان کے اندر اتنی چھوٹی چھوٹی details مانگی ہیں کہ اس میں کوئی دو دو ہزار صفحے کے بالکل بے وقعت قسم کی چیزیں بھی مانگ لی گئی ہیں۔ اب اس کا پورا ریکارڈ ہے تین کاپیاں اٹھا کے لے آئیں ہیں بہت بڑی بڑی۔ ان کو میرے آفس میں رکھنے کی جگہ نہیں ہے۔ یہاں پہ سیکریٹریٹ والوں نے کہا کہ جب تک ان کی پانچ کاپیاں نہیں ہونگی ہم اس کو آپ کا reply تسلیم نہیں کرتے۔ اب اس پہ انہوں نے کل لکھ دینا ہے کہ reply has not been received۔

جناب آپ مہربانی کرکے ، اس میں جواب موجود ہیں' کاپیاں تین موجود ہیں اب اس کو double کرکے پھر پریس میں ایک لمبا خرچہ آئیگا۔ تو میں نہیں چاہتا کہ میری ایسی کوئی بات ریکارڈ پہ آئے' میری وزارت کی طرف سے کہ no reply ہے۔

جناب چیئرمین : میں discuss کر کے پھر کچھ کرتا ہوں۔ سوال نمبر 115 عبدالحئی بلوچ صاحب۔ اس کا مطلب ہے 112, 113,114 are to be deferred because of the negligence of the Minister.

Mr. Aftab Ahmad Sheikh : Total questions are 11.

پانچ defer کر دیجئے۔

میاں رضا ربانی : نہیں نہیں 119 جو ہے Law Ministry کا اس میں بھی جواب نہیں ہے۔

جناب چیئرمین : نہیں وہ تو اور وجہ ہے لیکن یہ Minister for Education تو کہتے ہیں کہ جی میں تو آ نہیں سکتا۔ جیسے کہ اس ہاؤس میں ان کے ملازم بیٹھے ہوئے ہیں کہ نہیں آسکتا تو نہیں آ سکتا۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی : انہوں نے کوئی explanation دیا ہے کہ کیوں نہیں آ سکتے ۔ وہ سندھ اسمبلی کا دروازہ اور لائٹیں بند کر رہے ہیں ۔

Mr. Chairman : Since the reply of both questions pertaining to this Ministry required collection and compilation of lengthy material which is taking time, therefore, the reply of the questions could not be finalized.

یعنی ہزاروں ملازم ہوں گے جو سوالات کے جوابات اکٹھے نہیں کر سکتے۔In this age 1998 میں ان کے پاس سوالات کے جوابات نہیں آسکتے۔ یعنی یہ چیزیں انگلیوں پر ہونگی، پھر ٹیلیفون ہے، فیکس ہے، مشینیں ہیں

and more than this what I am objecting to is the absence of the Education Minister. 115 Dr. Abdul Hayee Baloch Sahib.

115. **Dr. Abdul Hayee Baloch**: Will the Minister for Communication be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to link village Kajla, Tehsil Oghi, District Mansehra with Darband Digital Telephone Exchange ?

Raja Nidir Pervaiz Khan: At present, there is no proposal under consideration to link village Kajla Tehsil Oghi district Mansehra with Darband Digital Exchange.

Mr. Chairman: Supplementary question? Please Raza Sahib order in the House.

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ : جناب چیئرمین! میری وزیر موصوف سے یہ گزارش ہوگی ، اگر اس پر غور فرمائیں کہ یہ ویلیج جہاں سے یہ Digital Exchange سے لائن مانگ رہے ہیں، آج کے اس جدید دور میں ٹیلیفون بہت اہم ہو گیا ہے۔ کیمونیکشن کی بہت زیادہ اہمیت ہے ۔ میں تو یہی گزارش کروں گا کہ اگر تجویز زیر غور نہیں ہے تو اس معزز ایوان میں یہ سوال اس لئے اٹھایا کہ اس کے اوپر یہ غور فرمائیں گے کہ کہیں نہ کہیں کسی طریقے سے یہ ایک اہم ضرورت ہے، قومی ضرورت ہے۔ آج کل کی دنیا میں ٹیلیفون کی بہت بڑی ضرورت ہے جبکہ دالبدین میں Digital Exchange ہے تو اس ویلیج کے لئے بھی وزیر موصوف غور فرمائیں گے۔ کوئی راستہ نکالیں گے۔

یہ ان کی مہربانی ہو گی۔

Mr. Chairman: Minister for Communication.

راجہ نادر پرویز خان، جناب! اس گاؤں کی آبادی تقریباً تین ہزار لوگوں پر مشتمل ہے اور یہاں سے ابھی کوئی ڈیمانڈ نہیں آئی کہ ان کو کوئی ٹیلیفون چاہیئے۔ اس کا فاصلہ بھی چھ کلومیٹر ہے دربند سے جہاں کہ ابھی Digital Exchange لگائی گئی ہے۔ تقریباً چار سو لائنوں کی۔ بلوچ صاحب نے صحیح کہا کہ یہ ضرورت ہے کمیونیکیشن سسٹم میں ان لوگوں کو لانے کے لئے۔ تین ہزار میں سے اگر سو کے قریب یا پچاس کے قریب بھی ڈیمانڈ آجاتی ہے تو ان کو میں یقین دلاتا ہوں کہ کوئی نہ کوئی طریقہ کار نکالیں گے حالانکہ جو feasibility میں ہے اس کا فاصلہ پانچ کلومیٹر ہے۔ کیونکہ یہ چھ کلومیٹر ہے تو اس کا لوگوں کو شیئر کرنا پڑے گا اور جتنی زیادہ ڈیمانڈ ہوگی اتنا شیئر کم ہوگا۔ اس کا ایک یہ حل ہے۔ دوسرا حل یہ ہے کہ اگر نزدیک کہیں اور Digital Exchange ہے تو جو ایم این اے ہمارے اس علاقے کے ہیں اگر وہ ہمیں ضرورت بھیجتے ہیں تو اس فنانشل سال میں ہم لا سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین، جی میجر مختار صاحب۔

Maj. (Retd.) Mukhtar Ahmed Khan: First, I would like to address you on this issue, in the past session also, in the Question Hour a number of times when we had asked questions for supplementaries, Minister Sahib said that I will look into it. Look into it, alright. But we don't receive its reply. By some means we should know what was the result of that? Like, last time, I had asked about a digital exchange in the Galyat, so far, I don't know what has happened about it? So, could the Minister look into this and tell us. I asked him about the Changla Gali Exchange and so far, I don't know what has happened. So, what is the purpose in my asking a supplementary question?

Mr. . Chairman: Then what do you suggest?

Maj. (Retd.) Mukhtar Ahmed Khan: Sir, I suggest that, for

instance, today when we asked him a question and he does not know. Suppose if he does not know so when he goes back, he should ask his department to give this reply. So, when he comes either he tells us that the last time this was asked and this is the reply or he should bring in writing to us that you had asked this question and this is the reply.

Mr. Chairman: Minister for Communications.

Raja Nadir Pervaiz: Sir, I will just try to satisfy the honourable member sitting on that side. The first thing is that we have specific criteria for every digital exchange except PCO.

رولر ایریا کی بات کر رہا ہوں۔ اس criteria میں جو لوگ نہیں فٹ ہوتے، ہم ان کو ٹیلیفون نہیں دے سکتے۔ ہماری کوشش ہے کہ زیادہ سے زیادہ Digital Exchange لگائی جائیں۔ ایک ڈیجیٹیل جس کی تین سو لائینیں ہیں وہ بھی تقریباً دو کروڑ روپے کی بنتی ہے۔ جب Digital Exchange اس علاقے میں لگ جاتی ہے پچاس یا ساٹھ سے زیادہ ہمیں درخواستیں نہیں آتیں۔ رزلٹ یہ ہے This company Pak Telecommunication has to undergo a loss. It takes a longer period when their revenue is collected. میری گزارش ہے کہ جہاں genuine درخواستیں ہیں، ابھی میں نے ایک حل بتایا تھا جئی بلوچ صاحب کو کہ اس کے دو حل ہیں کہ ایک زیادہ درخواستیں آئیں، تو ہم اس کو تقسیم کر دیں گے۔ اس پر خرچہ کم آئے گا اگر ایک یا دو درخواستیں آئیں گی تو وہ ایک کلومیٹر کی لائن جو lay کرتے ہیں پی ٹی سی ایل والے that cost will go up زیادہ آئیں گے تو the cost will come down اسی نزدیک ایریا میں کوئی feasibility ہے جہاں پر Digital Exchange لگ سکتا ہے تو اس کو I will look into it and will try to give them digital exchange in that area تاکہ یہ گاؤں جو تین ہزار کی آبادی پر مشتمل ہے اس کو cover کیا جاسکے - These are the only two answers available Sir اس کے علاوہ جیسا کہ انہوں نے کہا کہ میں نے پچھلی دفعہ سوال کیا تھا۔ اگر جواب صحیح نہیں ہے تو مجھے بتائیں میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم ہمیشہ صحیح جواب دیتے ہیں، آئندہ بھی دیں گے۔

جناب چیئرمین۔ نہیں ، وہ فرماتے ہیں جس طرح انہوں نے گلیات کے متعلق سوال پوچھا تو غالباً آپ نے پچھلی دفعہ کہا ہوگا کہ .I will look into it وہ کہتے ہیں مجھے پتہ نہیں ہے کہ اس کے بعد کیا ہوا ۔ تو آپ کا اگر کوئی سٹاف کا کوئی آدمی ہو ، He should then note it down اور ان کو بتا دیا کرے کہ جی اس پر یہ کارروائی ہوئی ہے ۔

راجہ نادر پرویز خان۔ ہمارا یہاں آدمی ہے ۔ جو اس کو نوٹ کر رہا ہوتا ہے۔and I will note it myself also and will try to contact the honourable members.

جناب چیئرمین۔ میرا خیال ہے It is only fair کہ جو ممبر سوال پوچھے اگر کوئی اطلاع دینی ہے تو آپ کے سٹاف کا آدمی یہاں موجود ہونا چاہیئے ۔ In fact روایت یہ ہوتی ہے کہ The Secretary of the Department should be here when you are answering the question.

دیکھیں ، سیکریٹری جو منسٹری کا ہوتا ہے He is incharge منسٹر کو تو اتنا وقت نہیں ہوتا He should be noting down اگر secretary صاحب بہت بڑے افسر ہیں تو پھر ایڈیشنل سیکریٹری آ جائے ۔ یہاں پر بیٹھا ہونا چاہیئے جب منسٹر جواب دے رہا ہو یا منسٹر کا کوئی کام ہو

a very senior officer should be present in the galleries. He should be noting down what the members require. He should then be doing all this and not bothering you about it.

جی بھنڈر صاحب ۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ میں جناب یہ عرض کرنا چاہتا ہوں سارے ایوان اور سارے وزراء صاحبان کی اطلاع کے لئے کہ روایت یہ رہی ہے کہ سیکریٹری خواہ کتنا ہی importantہو ، اگر چیف سیکریٹری کے پاس وہ پورٹ فولیو ہے تو وہ بھی وہاں گیلری میں موجود ہوتا تھا اور وہ اپنی نکتہ چینی سنتا تھا۔ ان کو معلوم ہوتا تھا کہ ہماری کہاں کہاں کمزوریاں یا کوتاہیاں ہیں۔ لیکن جناب والا! فاضل وزراء کو بھی شاید بریف کرنے کے لئے سیکریٹری صاحبان نہیں آتے ۔ آپ کے وقت میں بھی نہیں آتے تھے اور اب بھی نہیں آتے۔ جناب والا سیکریٹری صاحبان کوئی super

نہیں ہیں human ۔ وہ ان سے اور اس ایوان سے بڑے نہیں ہیں ۔ سیکریٹری صاحبان کو یہاں موجود ہونا چاہئیے ۔ اور اس لئے نہیں جناب! کہ یہ اپنے محکمے پر حاوی ہیں ' حاوی ہیں ان کو سب معلوم ہے لیکن جناب والا! جو کام روزمرہ چلاتے ہیں ان کو یہ نکتہ چینی معلوم ہونا چاہیے۔ ہم ان کے لئے باتیں کرتے ہیں ۔ انہوں نے محکمہ چلانا ہوتا ہے' ان کے لئے ساری معلومات مہیا کی جاتی ہے اور ان کو اپنی کارکردگی کا احساس ہونا چاہئیے اور معلوم ہونا چاہئیے یہی question hour کا مطلب ہے۔

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے جی ۔ قطب الدین صاحب۔

Khawaja Kutabuddin: Every time we have been saying that they should be present here, they should come and I think time and again you have not only requested but you have also reprimanded them. Is there any way through which we can bound the Secretaries? Is there any way?

Mr. Chairman: Let's see

آج کے بعد کیا ہوتا ہے نہیں تو پھر سختی کرنی پڑے گی۔

میجر (ریٹائرڈ) مختار احمد خان ۔ اچھا جناب میں نے ان کو یہ عرض کیا تھا کہ چھانگہ گلی میں Exchange دیا گیا تھا ۔ digital exchange where local exchange has been replaced with the digital exchange لیکن پوسٹ آفس اور یہ ٹیلیفون والوں کا کوئی اس زمین پر جھگڑا ہے۔

so the connections have not been given so far. So I request him that he should sort out this matter and they should give connections from the digital exchange.

جناب چیئرمین۔ جی Exchange ہے ادھر؟

میجر (ریٹائرڈ) مختار احمد خان ۔ جی ہاں وہاں پڑا ہوا ہے ۔ but connections are not there

جناب چیئرمین۔ دیکھیں کتنا آسان معاملہ ہے Exchange ہے کنکشن نہیں آ رہا ۔ جی

جناب صفدر عباسی صاحب۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی ۔ جناب میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ یہ جو گاؤں کو Digital Exchange سے کنکشن دیتے ہیں تو کیا اس کا کوئی set criterion ہے؟ وہ چاروں صوبوں میں کیا ایک ہے یا علیحدہ علیحدہ ہے جیسے بجلی کا ہوتا ہے ۔ بلوچستان میں ذرا مختلف ہے ۔ آیا آپ کا criterion مختلف صوبوں کے لئے ایک ہے اور خصوصاً سندھ کے بارے میں کیا ہے؟

Raja Nadir Pervaiz Khan: Far flung areas وہاں ہم criterion relax کرتے ہیں ۔ normally in Sindh and Punjab the criterion is 5 kilometers for the digital exchange depending on the feasibility and the requirement of the people اگر ہماری 300 کی line ہو، تو کم از کم ہمیں 150 demand note مل جائیں T&T والوں کو تو ہم وہاں اس سال میں we include that area اور ہم for the Annual Development Programme کرتے ہیں۔ ہمارے پاس ابھی تک digital exchange, total about 85% in Pakistan ہم نے سارا area digital کر دیا ہے، 15% ابھی رہتا ہے جہاں پر پرانی exchanges لگی ہیں، ہم کوشش کر رہے ہیں، اس لئے اس pilferage کو کم کرنے کے لئے we are going to make it انشاء اللہ very soon, 100% digital area سب area cover کر جائیں گے۔ یہ 15% بھی cover کر جائیں گے۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ جی۔ جی جناب جاوید اقبال عباسی صاحب۔

حاجی جاوید اقبال عباسی۔ جناب میرا supplementary سوال یہ ہے کہ یہ جو چھانگہ گلی پر بات چلی ہے۔ چھانگہ گلی میں اصل میں ایک کمرہ ہے جو post office والوں کا تھا ۔ اسی جگہ پر انہوں نے exchange بھی لگا دی ہے اور اس وقت جو problem ہے جو صحیح جگہ ہے وہ district council کی ہے۔ میں Minister صاحب سے پوچھنا چاہوں گا کہ آیا وہ جگہ acquire کی ہے یا نہیں۔ وہ بھی district council والوں نے جو دیوار ٹیلیفون والوں نے بنائی ہے، وہ گرا دی ہے۔ اس کے بارے میں معلومات کیا ہیں؟

راجہ نادر پرویز خان ۔ Sir, basically post office بھی ہمارا department ہے

comes under us so, the T&T. I do not exactly know what is the position of the

case ان کی district council کی بھی جو زمین ہے اس کے ساتھ ہے۔

I can check it up and come back with the fresh answer.

جناب چیئرمین۔ جی فرمائیے جناب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ جناب چیئرمین صاحب! وزیر موصوف سے ضمنی سوال ہے کہ digital exchange system بڑا اچھا system ہے۔ ہمارا بلوچستان میں خاص طور پر جناب والا! جیسے مکران ڈویژن ہے، بلیدا ہے، پنجگور ہے، اس کے آس پاس یہ آپ کا محکمہ ہے یعنی بڑے بڑے town ہیں، ابھی ہمارے ہاں پرانا system کام کر رہا ہے، یہ ناکارہ ہو چکا ہے، کبھی کام دیتا ہے کبھی کام نہیں دیتا ہے۔ اکثر ہمارے لوگ بے چارے خاص طور پر مکران Division کے۔ اب میں جناب آپ کو خضدار کا بتاؤں کہ فیروز آباد خضدار کے قریب ہے۔ وہاں پر ان کو یہ سہولت نہیں دی جا رہی ہے۔ میرا ان سے ضمنی سوال یہ ہے کہ یہ ہمارے بہت سے لوگ جو بے چارے Middle East میں ہیں، جو ادھر ملازمت کرتے ہیں، نوکری کرتے ہیں یا جا کے مزدوری کرتے ہیں، ان کو اکثر اپنے گھروں سے خیر خیریت معلوم کرنے کے لئے فون کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ ہمارے پاس یہ سہولتیں نہیں ہیں - میں جناب سے یہ گزارش کروں گا یا ان سے سوال کروں گا کہ آپ بلوچستان کو بھی اس طرح consider کریں خاص طور پر مکران ڈویژن کو، قلات ڈویژن کو، وزیر آباد ڈویژن ہے، لورا لائی ڈویژن ہے۔ سوائے کوئٹہ شہر کے جو far flung areas ہیں، سبی ڈویژن ہے، ہمیں سہولتیں نہیں ہیں۔ جناب! اس طرف بھی، ہماری طرف توجہ فرمائیں گے کہ یہ digital exchange وہاں بھی لگیں۔ جناب! یہ ساری سہولت رہ گئی PCO نہ ہونے کی وجہ سے، ہماری طرف بھی توجہ فرمائیں گے کہ ہماری مشکلات کم ہوں۔

جناب چیئرمین۔ جی جناب Minister for Communication۔

راجہ نادر پرویز خان۔ جناب! میں نے پہلے عرض کیا کہ 85% ہم سارے پاکستان میں digital exchanges لگا چکے ہیں، digital system لگا رہے ہیں، 15% رہتا ہے - میں بلوچ صاحب سے یہ ضرور عرض کروں گا کہ ان areas میں جہاں ہم digital exchange نہیں لگا سکتے وہاں ہم کوشش کرتے ہیں کہ VHF PCO دیا جائے، VHF system لے آئیں اور وہ single

اب جو VHF system لا رہے ہیں وہ double line کا ہو گا ۔ اس سے بہت زیادہ area cover ہو سکتا ہے اور زیادہ لوگوں کو سہولت ہو سکتی ہے ۔ ہماری کوشش ہے کہ جو 15% including the Balochistan area ہم چاہتے ہیں وہ جتنی جلدی ہو سکے ہم اس system کو totally digital کر دیں۔ یہ ہمارے اپنے فائدے میں بھی ہے PTCL کے فائدے میں ہے تاکہ جو ہماری pilferage ہیں' losses ہیں' جو چوری ہوتی ہے اس میں کمی کی جا سکے اور ان کے علاقے میں جیسے یہ کہتے ہیں کہ کوئی ان کا area ہے۔ جہاں ہم VHF دے سکتے ہیں یا جہاں Digital لگ سکتا ہے' میں ان کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ اگر وہ area feasible ہے تو ہم انشاء اللہ ان کو Annual Development Programme میں ضرور include کریں گے۔

جناب چیئرمین۔ جی زاہد خان صاحب۔ اس کے بعد جی' زاہد خان صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ جناب آپ کا شکریہ۔

جناب محمد زاہد خان۔ جناب honourable Minister صاحب سے supplementary کہ اس سلسلے میں 98-1997 کے ADP پر ابھی تک کام نہیں ہوا تو اس کی وجہ کیا ہے اور کب تک اس پر کام ہو گا کیونکہ اس پر چھ exchange میرے اپنے حلقے میں مندوخیل کے feasibility سب چیز بن چکی ہے لیکن اس پر ابھی تک کوئی کام شروع نہیں ہوا بلکہ Development year بھی ختم ہوا تو وجہ کیا ہے delay کی؟ کیا آپ کے پاس funds نہیں یا کوئی اور وجہ ہے جس کی وجہ سے delay ہو رہا ہے اور کب تک ہو گا؟

جناب چیئرمین۔ جی جناب Minister for Communications ۔

راجہ نادر پرویز خان۔ جناب ہماری کوشش ہوتی ہے کہ تقریباً thousand to بارہ سو exchanges لگائیں in a year ' ہمارا جو backlog ہے that is about تین سو exchanges ہیں جو ابھی تک on going ہیں' جو ابھی complete نہیں ہو سکیں۔ ان کی reasons ہیں one is the equipment sir, one is the funds ہماری کوشش ہے کہ وہ تین سو exchanges بھی اس سال پوری ہوں ۔ ہم نے جو نیا plan بنایا ہے اس میں maximum کیونکہ sir this thing goes on ابھی جو اسی سال شروع کریں گے وہ 99 اور year 2000 میں بھی کچھ چلی جائیں گی۔ اس لئے اس backlog کو clear کرتے کرتے ہمارا پروگرام جو ایک سال کا ہے وہ دوسرے سال میں

بھی چلا جاتا ہے۔ اس کی basic وجوہات میں ایک equipment کی کمی ہے دوسری funds کی کمی ہے۔

جناب چیئرمین ۔ جی اکرم شاہ صاحب ۔

جناب اکرم شاہ خان ۔ جناب چیئرمین صاحب ! آپ کے توسط سے میں وزیر موصوف کی خدمت میں گزارش کروں گا ۔ گزشتہ ایک دو سال میں ہماری طرف کافی digital exchanges لگے ہیں جن میں ایک پرابلم ہے اور وہ یہ ہے کہ وہاں پر بلڈنگز بنتی ہیں اور بڑی قیمتی بنتی ہیں اور ان میں وہ آلات وغیرہ لگتے ہیں اور مشینری بھی نصب ہوتی ہے ۔ وہاں پر آفیسر صاحبان نے ہم سے یہ کہا ہے کہ جو لائن بچھائی جاتی ہے وہ criteria وغیرہ یا پاپولیشن یا گنجان علاقوں کو مد نظر رکھ کر بچھائی جاتی ہے ۔ اب جہاں پر وہ exchange بنتی ہے ، ہمارے علاقے میں چونکہ گاؤں کے فاصلے دور دراز ہیں تو بلڈنگز بھی بنتی ہیں ، قیمتی بلڈنگز ہوتی ہیں، ان میں قیمتی آلات ہوتے ہیں لیکن لائن جو بچھاتے ہیں وہ بڑی محدود چار یا چھ کلو میٹر ہوتی ہے۔ اس میں بہت کم آبادی cover ہوتی ہے ۔ یہ بار بار وہاں پر ہمارے لئے مشکل پیش آتی ہے، جیسے، شاہ رگ ،زیارت ، وہاں پر نئے digital exchange بنے ہیں لیکن وہ گاؤں ذرا فاصلے پر ہیں ۔ میرے خیال میں وہ کیبل اتنی زیادہ قیمتی بھی نہیں ہے ان بلڈنگز اور آلات کی نسبت اور مشینری وغیرہ کی نسبت۔

میری وزیر صاحب کی خدمت میں آپ کے توسط سے گزارش ہے کہ وہ ہمارے علاقے میں کیبل کا ذرا زیادہ کوٹہ دیں ۔ اگر پنجاب میں یا کسی اور صوبے میں exchange کے لئے پانچ یا چھ کلو میٹر ہے تو ہمارے ہاں اس کو دس یا بارہ کلو میٹر کر دیا جائے تو اس سے بہت زیادہ علاقہ cover ہو سکتا ہے۔ دوسری گزارش جناب میری یہ تھی کہ وہ VHF جو پہلے ہمیں ملتے تھے، جو آخری سال ہمیں VHF دیئے گئے ، ٹاور وغیرہ لگے ہوئے ہیں لیکن ابھی تک مشینری نہیں ہے، لوگ آ کر ہمیشہ پوچھتے رہتے ہیں کہ جی اس کا کچھ بنے گا کہ نہیں بنے گا۔ میری یہ وزیر صاحب سے گزارش تھی۔

جناب چیئرمین ۔ جی منسٹر فار کمیونیکیشن۔

راجہ نادر پرویز خان۔ جناب جو دور دراز علاقوں میں digital exchange ہیں ،اور جو

ہمارے دیہات میں ہیں ان کے لئے ہم criteria relax کرنے کے لئے تیار ہیں subject to
demand. ڈیمانڈ ہو ، کم از کم پچاس یا سو ہوں تو پھر ہم اس کو accommodate کریں گے ۔
ایک ۔دوسرا میرے بھائی نے سوال کیا تھا کہ جی جو ٹاورز کھڑے ہیں وہ سارے پاکستان میں تقریباً
چار سو ٹاورز ہیں جو پچھلے کئی سالوں میں لگائے گئے ۔ ٹاورز کھڑے ہیں لیکن equipment نہیں
ہے ۔ اگر ٹاورز کے ساتھ equipment ہے تو وہاں بجلی کا connection نہیں ہے ۔ تو یہ چیزیں
پرابلمز ہیں ۔ ہمارے پاس چار سو ٹاورز ہیں ۔میں آپ کو یقین دلانا چاہتا ہوں جناب we have
taken this problem at hand. ان چار سو ٹاورز کو لگا کر ہم ان کو چلائیں گے ، کمرشل کریں
گے اور جن علاقوں میں digital exchange آ گئی ہے، وہ ٹاورز وہاں سے کسی اور جگہ پر شفٹ
کریں گے جہاں پر ٹیلی فون کا connection نہیں ہے۔

جناب چیئرمین ۔ شکریہ جی ۔جی جناب قطب الدین صاحب۔

خواجہ قطب الدین ۔ جناب والا! میں یہ question پوچھنا چاہ رہا تھا honourable
Minister سے کہ

I was very pleasantly surprised when I rang up the enquiry here in Islamabad, when I was connected to that which was computerised. I would like to know whether this system has been installed in every major city, and

2. We have very voluminous telephone Directories. I know it is not relevant to this question but still if the honourable Minister whould like to answer, we have very voluminous telephone directories. Would it be possible for the Ministry to put these directories on CD ROM so that in this age of computerisation, we can just put in the disk and install it.

راجہ نادر پرویز خان۔ جناب چیئرمین! he is absolutely right ہماری یہ کوشش ہے
کہ آئندہ ایسا سسٹم بنایا جائے کہ ٹیلی فون ڈائریکٹری کی ضرورت ہی نہ پڑے ۔آپ 17 کو رنگ
کریں It should be totally Computerised and وہ 17 آپ کو اس information کے متعلق
صحیح جواب دے سکے ۔جیسا انہوں نے CD ROM کا کہا جناب this is the latest equipment

ہمارے پاس ابھی یہ سسٹم رائج نہیں ہوا جناب being run in the most advanced countries. لیکن میں تو یہاں We are not that advanced as far as this technology is concerned... تک کہہ رہا ہوں کہ جو ہم پانچ لاکھ directories print کر رہے ہیں and millions and millions of foreign exchange and money we are spending on that. تاکہ اس سے بھی ہماری جان چھوٹ جائے۔ آپ 17 اٹھائیں It should be totally computerised. جو انفارمیشن چاہتے ہیں، جیسے foreign modern countries میں ہے، وہ انفارمیشن ہم ان کو دینے کو تیار ہیں We are trying - کہ یہ جو پانچ لاکھ directories ہم تیار کرتے ہیں اور کروڑ ہا روپیہ ہم اس پر خرچ کرتے ہیں اس سے بھی ہماری خلاصی ہو سکے۔

جناب چیئرمین - شکریہ جناب - جی جناب شیخ رفیق صاحب۔

جناب رفیق احمد شیخ - فاضل وزیر شاید سمجھتے ہیں کہ لوگ ٹیلی فون ڈائریکٹری سے صرف ٹیلی فون نمبر ہی دیکھتے ہیں ۔میں تو جب بھی کسی دوست کو خط لکھنا چاہتا ہوں، میں نے سب ڈائریکٹریاں رکھی ہوئی ہیں پاکستان کی کہ اس کا صحیح نام کیا ہے، اس کا صحیح ایڈریس کیا ہے، ٹیلی فون ڈائریکٹری اٹھاتا ہوں اور یہ غلطی نہیں کرتا کہ رفیق احمد کی بجائے محمد رفیق، اور فرین روڈ کی بجائے فیئر روڈ نہیں لکھتا، وہاں ٹیلی فون ڈائریکٹری ہوتی ہے اس سے نام دیکھتا ہوں ۔ تو اس لئے یہ بڑے کام کی چیز ہے۔ ٹیلی فون ڈائریکٹری کوئی بے کار چیز نہیں ہے چونکہ انہیں ان چیزوں کی ضرورت ہی نہیں پڑتی، ان کا سیکریٹری ہر جگہ خط لکھ دیتا ہے، ٹیلی گرام بھیج دیتا ہے - they don't have that difficulty which has every citizen جس کا ہم لوگوں سے تعلق ہے، اس کو پڑتا ہے اور پھر اس سے ایک عوامی رابطہ بھی ہوتا ہے اور ٹیلی فون ڈائریکٹری کی، اس سے زیادہ کسی اور کو ضرورت ہی نہیں ہوتی، جتنی سیاسی لوگوں کو ہوتی ہے۔

جناب چیئرمین- چونکہ سارے ووٹرز بھی تو ہوتے ہیں۔

راجہ نادر پرویز خان- جناب! کیا سیاسی لوگوں کی الگ ڈائریکٹری بنا دی جائے۔

جناب رفیق احمد شیخ- وہ بھی کرتے ہیں اور پرانی بھی سنبھال کر رکھی ہوئی ہے۔

راجہ نادر پرویز خان - جناب والا! Sheikh Sahib. Sir, it is a good piont میری گزارش تھی کہ اگر آپ ڈائریکٹری کا volume دیکھیں۔ جناب! یہ روز بروز بڑھتا جائے گا۔ naturally

ہم اس سسٹم because of the increase in the population ہم اس کو کم کرنا چاہتے ہیں ۔ کو کنٹرول کرنا چاہتے ہیں we want to bring modern system اور ہم اب جو ڈائریکٹریز دیتے ہیں that is about 5 lac اور alternate ایک سال چھوڑ کر ہم دوسرے سال ڈائریکٹری دے رہے ہیں it is time consuming and it is money consuming also اور اگر ہمارے پاس ایسا سسٹم آجائے،جس میں ہم ڈائریکٹری کم پرنٹ کریں اور انہی لوگوں کو دیں جن کو ضرورت ہے۔

and those people who want to get the information, complete information from 17and about the addresses also, that would also be taking care of .

جناب چیئرمین۔ جی خدائے نور صاحب ۔

جناب خدائے نور ۔ جناب والا! میں وزیر صاحب سے یہ گزارش کروں گا بلکہ یہ عرض بھی کروں گا کہ یہ سوال جیسے ہمارے اکرم شاہ صاحب نے کہا اور آپ نے کہا کہ ۴۰۰ کھمبے لگے ہوئے ہیں اور ان کو ہم جلد از جلد مکمل کریں گے۔ پچھلے ایک سال سے ہم یہی سنتے چلے آ رہے ہیں بلکہ ہمیں تو یہاں تک کہا گیا ہے کہ ہمارے پاس وہ آلات ہی نہیں ہیں تو لہذا ان کھمبوں پر آپ اپنے جھنڈے لگائیں ۔ اسی فلور پر کہا ۔ آپ پارٹی والے اپنے جھنڈے لگائیں ۔ میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ آیا آپ نے وہ آلات منگوائے ہیں اور اگر منگوائے ہیں تو کیا وہ پہنچے ہیں؟ اگر وہ نہیں پہنچے تو وہ کب تک پہنچیں گے؟ اور دوسری بات یہ ہے کہ پہلے سینیٹروں کے لئے، یعنی ان کے لئے پانچ کھمبوں کی اجازت ہوا کرتی تھی لیکن جب ۹۷ سے ہم آئے ہیں یا نئے سینیٹر صاحبان آئے ہیں ۔ اس وقت سے یہ بند ہے تو آیا کیا آپ ہمیں پھر پانچ کھمبوں کی اجازت دیں گے؟ کیا آپ پانچ فارم دیں گے جس طرح پہلے دیا کرتے تھے ۔ اب بھی دیں گے یا آپ پہلے پرانے والوں کو مکمل کریں گے۔

جناب چیئرمین۔ وزیر برائے مواصلات۔

راجہ نادر پرویز خان۔ جناب! صرف پرانے جو تقریباً ۴۴۰ کے قریب ہمارے کھمبے لگے ہوئے ہیں۔ ان کو مکمل بھی کریں بلکہ میری information یہ ہے کہ جو ہم نے investigation کی ہے ۔لوگوں کی حویلیوں میں، لوگوں کی ذاتی جائیدادوں میں، لوگوں کے ذاتی استعمال کے لئے جناب یہ استعمال کیئے جا رہے ہیں۔ یہ اس چیز کا غلط استعمال ہے۔ وہ پبلک کی

demand کے لئے ، پبلک کے استعمال کے لئے ہیں۔ جو غلط طریقے سے لوگ استعمال کر رہے ہیں ان کے خلاف بھی ہم action لیں گے۔ یہ جو ۴۰۰ ہیں انشاء اللہ تعالیٰ ہم ان کو ضرور لگائیں گے ۔ ہماری کوشش ہے کہ یہ جو VHF Pco's لگے ہوئے ہیں۔ ان کو شفٹ کیا جائے تاکہ اس علاقے میں digital exchange لگائیں جو کہ ۲۰۰ سے لے کر ۶۰۰ لائن تک مشتمل ہے۔

جناب خدائے نور ۔ جناب! کیا یہ لگ چکے ہیں یا دوسری بات یہ ہے کہ کیا آپ ہمیں سینیٹر صاحبان کو وہ کوٹہ دیں گے یا نہیں دیں گے۔

راجہ نادر پرویز۔ جناب والا! اس سال کی پالیسی میں یہ included نہیں ہے۔

جناب چیئرمین۔ جی شاہ آفریدی صاحب ۔

حاجی محمد شاہ آفریدی ۔ جناب چیئرمین صاحب ! میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ میں نے VHF کے لئے درخواست دی تھی۔ جس کا estimate ساڑھے تین لاکھ بنتا ہے اور یہ اب تک نہیں لگا۔ اس کی کیا وجہ ہے ، خود اپنے پیسے ادا کر رہا ہوں ۔ VHF ابھی تک نہیں لگا ۔ محکمے والے یہ کہہ رہے ہیں کہ ہمارے پاس مشینری نہیں ہے ۔ اگر ایک مشینری نہیں ہے تو ساڑھے چار سو کیسے مکمل کریں گے؟

جناب چیئرمین۔ اب ان کو کیسے اس کا معلوم ہو گا ۔ آپ نے کہاں درخواست دی ہے ؟

راجہ نادر پرویز خان۔ جناب والا! مجھے انہوں نے کل بتایا تھا اور میں نے ان سے وعدہ کیا تھا کہ آپ کا VHF آپ کی فیکٹری میں لگے گا چونکہ آپ سیلف ادائیگی کر رہے ہیں اور اپنی طرف سے خود پیسے دے رہے ہیں ہماری یہ کوشش ہوگی کہ جو genuine پیسے ہیں وہی لئے جائیں گے ۔ان سے ایک پیسہ بھی فالتو نہیں لیا جائے گا۔

جناب چیئرمین۔ او کے ۔ اگلا سوال ۔یہ دوبارہ ایجوکیشن کا ہے ۔ میاں صاحب کیا آپ نے نوٹ کر لیا ہے کہ کتنے سوال ایجوکیشن کے ہیں جو آج ان کی غیر موجودگی کی وجہ سے defer ہو رہے ہیں اور دیکھیں reply not received . The numbers , names and length of service of trained C.T, male, female teachers working on daily wages in

یعنی various F.G Junior Model Schools in Islamabad اسلام آباد کا سوال ہے ۔ teachers کا اگر ہیڈ ماسٹر کو فون کریں تو وہ بتا دے گا کہ اتنے ہیں ۔

میاں محمد یسٰین خان وٹو۔ جی جناب ! محکمے نے مجھے ابھی یہاں آتے ہوئے بتایا ہے کہ اس میں چونکہ یہ دقت تھی کہ چونکہ وزیر صاحب نہیں تھے تو سوالات کے جوابات improve نہیں ہو سکے اور وہ اس وجہ سے نہیں بھیجے جا سکے ۔

جناب چیئرمین۔ پھر وہ بات وہی ہو گئی ۔ اصلی وجہ یہ ہے کہ وزیر صاحب نہیں ہیں تو انہوں نے یہ بہانہ بنا دیا۔

میاں محمد یسٰین خان وٹو۔ جی ہاں یہ بات ہے۔ آپ نے ارشاد فرما دیا ہے ، میں انشاء اللہ اس کے مطابق کوشش کروں گا اور اپنے فاضل ساتھی سے درخواست کروں گا۔

جناب چیئرمین۔ نہ صرف اس فاضل ساتھی سے بلکہ سب ساتھیوں کو یہ باور کرانا چاہیئے کہ primary ذمہ داری ان کی ہاؤس میں ہے۔

مخدوم محمد جاوید ہاشمی ۔ میرا ریکارڈ دیکھیں ، میں تو ایک دن بھی غیر حاضر نہیں ہوا۔

جناب چیئرمین۔ آپ کے بارے میں شکایت نہ ہاؤس نے کی ہے اور نہ میں نے کی ہے۔

مخدوم جاوید ہاشمی۔ نہیں آپ سب ساتھیوں کے بارے میں کہہ رہے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ وہ ایک polite طریقہ ہوتا ہے ۔ ان کو اشارہ ہوتا ہے جو نہیں آتے، یہ polite طریقہ ہوتا ہے ۔ بجائے اس کے کہ میں نام لوں کہ فلاں آدمی نہیں آیا۔ آپ کے بارے میں کبھی شکایت نہیں ہوئی، آپ ہمیشہ آتے ہیں اور یہ ہمارے بیچارے وزیر وٹو صاحب سب کا بوجھ اٹھاتے ہیں۔ But this is not right. نہ ہاؤس satisfy ہوتا ہے ، نہ parliamentary requirement satisfy ہوتی ہے۔

میاں محمد یسٰین خان وٹو۔ بالکل بجا جناب، آپ کے ارشاد کے مطابق میں اپنے ساتھیوں سے بات کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین۔ جی جناب عالی صاحب۔

ڈاکٹر جمیل الدین عالی۔ وٹو صاحب نے لفظ فاضل ارشاد فرمایا ہے، یہ لفظ انہوں نے کن معنوں میں استعمال کیا ہے۔ایک فاضل ہوتا ہے extra ، ایک فاضل ہوتا ہے learned ، تو انہوں نے کن معنوں میں استعمال فرمایا ہے۔

جناب چیئرمین۔ جی جناب حئی صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ جناب گزارش یہ ہے کہ آپ ان کو پہلی بار نہیں کہہ رہے ہیں ۔ حکومت یا treasury benches کو اس سے پہلے بھی آپ کئی دفعہ تنبیہ کر چکے ہیں لیکن سچ بات یہ ہے کہ ان کو اس کا احساس نہیں ہے۔ پتا نہیں یہ سینٹ کو کیا سمجھتے ہیں ۔ یہ سینٹ ان کے لئے وبال جان بن گیا ہے حالانکہ یہ تو بڑا ادارہ ہے، یہ federating units کا ادارہ ہے۔ ہم تو حیران ہیں کہ یہاں کوئی اہمیت ہی نہیں ہے اور آپ کے بار بار کہنے کے باوجود یہ نہیں آتے ۔یہ نہیں کہ آپ پہلی مرتبہ کہہ رہے ہیں ۔ میں حیران ہوں کہ ان پر کوئی اثر ہی نہیں ہوتا۔ جناب میں عرض کروں گا کہ ایک طریقہ ہے کہ ان کو سختی سے پابند کریں اور اگر یہ نہیں مانتے ہیں تو ان کے لئے گیٹ بند کردیں۔ پھر ان کو ہمارے پاس آنے کا کیا فائدہ ہے، ان کے لئے سینٹ کے دروازے بند کر دیں۔ اگر آپ نہیں آتے اور کوئی جواب نہیں دیتے ہیں تو یہاں بیٹھیں بھی مت ، جب آپ ہمیں جواب نہیں دیتے ہیں تو پھر فائدہ کیا ہے۔ جناب ان پر سختی کریں تو پھر ان حکمرانوں کا مزاج تبدیل ہو گا۔

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے ۔ جی اگلا سوال نمبر 117 ۔

*117. **Haji Javed Iqbal Abbasi** : Will the Minister for Communications be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to recruit the disable persons in P.T.C.L., if so, the steps taken so far in this regard?

Raja Nadir Pervaiz Khan : In compliance to clause 11 of the Disabled Persons (Employment and Rehabilitation) Ordinance, 1981 PTCL has

decided to pay into the fund established for such purpose in lieu of employing disabled persons.

جناب چیئرمین۔ جی ضمنی سوال ، حاجی جاوید اقبال عباسی صاحب۔

حاجی جاوید اقبال عباسی۔ میرا سپلیمنٹری سوال یہ ہے کہ میں نے پوچھا تھا کہ کیا وزیر موصوف یہ بتائیں گے کہ P.T.C.L میں معذور افراد بھرتی کرنے کی کوئی تجویز ہے تو اس میں انہوں نے جواب دیا کہ ہم نے فنڈ مقرر کر دیا ہے ۔جناب چیئرمین ! معذور افراد کا ہر محکمے میں کوٹہ مختص ہے۔تو وزیر صاحب نے اس کی وضاحت کرنے کی بجائے ان کے محکمہ کی طرف سے دیا گیا جواب دے دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ایک فنڈ ان لوگوں کو ادائیگی کے لئے رکھا ہے۔ میں ان سے پوچھنا چاہوں گا کہ جس طرح باقی محکموں میں معذور لوگوں کے لئے کوٹہ ہوتا ہے کیا وہ بھی اپنے محکمے میں بھرتی کرنے کو تیار ہیں، معذرو لوگ کافی سے زیادہ ہیں اور پڑھے لکھے ہیں۔

Mr. Chairman: Minister for Communication.

راجہ نادر پرویز خان۔ جناب والا! عام طور پر معذور افراد کے لئے 1% کوٹہ ہے جس کی رول کے اندر گنجائش ہے۔ ہمارے پاس اب چالیس لوگ ایسے ہیں جن کو ہم نے disable quota کے against رکھا ہوا ہے ۔ Normally, they should be about over 500 people depending on 55000 strength of the PTCL اور 1% کے حساب سے 550 کے قریب یہ لوگ بنتے ہیں۔ جناب والا! کیوں کہ it is a highly technical job اور اس کے لئے technically qualified لوگ بھی ہمیں چاہییں ۔

جناب والا! اب ہم اس محکمے کو privatize کر رہے ہیں اور we have already got an understanding اور ایک Financial Advisor بھی ہم مقرر کر رہے ہیں جس کے ساتھ ہمارا agreement ہو گیا ہے ۔ He is Goldman اور گورنمنٹ کی پالیسی کے مطابق جو disables کا فنڈ ہے، وہ جتنا بنتا ہے اس میں سے 40 لوگ ہمارے پاس ہیں اور باقی 510 رہتے ہیں ۔ ان کا فنڈ گورنمنٹ کے پاس جمع کرانے کا منصوبہ بن رہا ہے تاکہ خود گورنمنٹ اس کو distribute کرے، چاہے وہ disable کوٹہ میں اسے استعمال کرے یا کسی اور جگہ پر ۔ At present, according to the Government rule we don't have the exact number of people جن

کو ہم نے disable quota کے مطابق employ کیا ہو۔

جناب چیئرمین۔جی بھنڈر صاحب۔

چوہدری محمد انور بھنڈر۔ جناب والا! میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ جس قانون کے تحت انہوں نے کہا کہ ہم نے معاوضہ داخل کر دیا ہے۔ میں نے وہ کتاب منگوائی ہے تاکہ معلوم کروں کہ اس کے متعلق کیا provision ہے۔ لیکن وہاں لکھا ہوا ہے not relevant for printing. وہ اس PLD میں موجود نہیں ہے۔ تو فاضل وزیر صاحب سے یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ Clause 11 جس کا آپ نے حوالہ دیا ہے، اس کو ذرا پڑھ لیں، کیا قانون آپ کو یہ اجازت دیتا ہے کہ آپ disable آدمیوں کو نہ رکھیں اور اس کی بجائے ان کا معاوضہ داخل کر دیں۔

جناب چیئرمین: اور وہ بھی گورنمنٹ کو۔جی۔

Raja Nadir Perviaz Khan: We have not refused anybody who is eligible.

جیسے میں نے پہلے عرض کیا کہ as far as the disable quota is concerned in the PTCL, according to quota آدمی نہیں رکھے گئے۔ اس کی reasons یہ تھیں کہ technically qualified لوگ نہیں ملے۔ دوسرا یہ ہے کہ اگر کوئی vacancy ہوئی تو اس پر رکھنے کے لئے ہم تیار ہیں۔ لیکن چونکہ گورنمنٹ نے ایک پالیسی بنائی ہے کہ اس کا فنڈ علیحدہ مختص کیا جائے۔ وہ فنڈ جیسے ہی گورنمنٹ کہے گی، ہم deposit کرنے کے لئے تیار ہیں۔

چوہدری محمد انور بھنڈر: کیا قانون ان کو اجازت دیتا ہے۔

جناب چیئرمین: 1981 کا Ordinance آپ کے پاس ہے۔

Raja Nadir Perviaz Khan: I don't have that.

جناب چیئرمین: منگوائیں جی۔ دیکھتے ہیں۔ کیونکہ یہ عجیب سی بات لگتی ہے مجھے۔

چوہدری محمد انور بھنڈر: جناب اس میں report نہیں ہوا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ not relevant for reporting.

جناب چیئرمین: یہ Ordinance بعد میں Act نہیں بن گیا۔ جی جناب قاضی انور

صاحب۔

Qazi Muhammad Anwar: Sir, Section 11 of the Disabled Ordinance, 1981, I have conducted a number of cases for enforcing the rights of disabled under this law. This is a statutory provision. Statute requires the employment of 1%. Initially it was 1 per cent. Initially when Zial-ul-Haq brought this law in 1981 this law was that in each institution one per cent shall be reserved for disabled. The disable should be able to work, it was the definition of disable. Definition was that a disable should be a man/woman who is able to work physically. This quota in certain departments was observed. The fund is for the welfare of the disabled. How a disable person, who is going to be appointed, will be benefitted. He has been denied his right. The answer of the Minister is that .....

کیا آپ disable کی appointment کرنا چاہیں گے۔ اب جواب دیکھیں جناب۔

In compliance to Clause 11 of the Disabled Persons (Employment and Rehabilitation) Ordinance, 1981, PTCL has decided to pay into the fund established for such purpose in lieu of employing disabled persons. Meaning that we will not employ disable persons. The money which we are going to spend or the money estimated which we would have spent on appointing such persons, this we will pay in the fund. Who is managing that fund, where is that fund and how this man, the person who was going to be appointed will be benefitted from that. This was a statutory right. It is the statutory provision. The Minister cannot get out of the statute. It is a requirement and why I am saying? I have conducted a number of cases, even now there is a petition pending in the Supreme Court in this matter. The High Court has given so many judgements in favour of disabled. That is their legal right.

جناب چیئرمین: ویسے یہ provision کیا آپ کو یاد ہے کہ کیا ہے۔

قاضی محمد انور: جناب یہ fix کرتی ہے۔ یہ کہتی ہے ' initial اس کی language ہے ' اس کے مطابق 1% ہے۔ Clause11 کہتی ہے کہ in each government department اس میں semi-government departments, departments in which the government has the interest 1 per cent disables shall be employed.

جناب چیئرمین: نہیں وہ کہتے ہیں کہ in lieu of that کوئی فنڈ ہے۔ ہے کوئی اس کے تحت فنڈ جو create کیا گیا ہے۔

قاضی محمد انور: میں نے تو فنڈ نہیں دیکھا ۔ میں نے کیسز کئے ہیں۔ اب بھی ایک کیس کر رہا ہوں۔ یہ منسٹر صاحب نے کہا ہے۔ ان کو پتہ ہوگا۔ یہ کسی سیکریٹری نے ڈرافٹ کیا ہے۔اسے بلوالیں تا کہ پتہ چلے۔

جناب چیئرمین: میں نے لسٹ منگوائی ہے ۔ اگر مل جائے تو دیکھ لیتے ہیں۔ جی عالی صاحب۔

ڈاکٹر جمیل الدین عالی: جناب منسٹر صاحب نے فرمایا کہ تقریباً چالیس disabled آدمی ہم نے رکھے ہیں۔ جب کہ ۴۰۰ کے قریب ان کے مطابق ہونے چاہئیں۔ پھر یہ فرمایا کہ وہ technically fit نہیں ہوتے تھے اس لئے کیا گیا۔ کیا وہ یہ جائیں گے کہ یہ کبھی ایڈورٹائیز کیا تھا۔ جیسی وہ جاب تھی کبھی انہوں نے ایڈورٹائیز کیا یہ تو اب آئے ہیں۔ اس میں ان کا کوئی خاص قصور نہیں۔ میں تو گورنمنٹ کی بات کرتا ہوں کہ disabled کوٹہ میں سے اتنے ٹیکنیشن چاہیں' تو ایک اس کاجواب دیں کہ factually ان کے ہاں estimate ہے' اندازہ ہے ان کے سٹاف کا' یہ ان کے سیکرٹریز کا یا ایک fact ہے کہ کبھی تشہیر کیا گیا اور اسکا کیا جواب آیا۔ اور اگر اس کا جواب نہیں آیا تو بہت سے ادارے ہیں معذور لوگوں کے لاہور کے big brothers موجود ہیں' وہ بہت لوگ دیتے ہیں' اسلام آباد میں بہت سے ادارے ہیں' کیا انہوں نے یا ان کی منسٹری نے کبھی ان کو consult کیا کہ ہمارے پاس جواب نہیں آیا۔ بعض اوقات معذور کے پاس اخبار نہیں پہنچتا۔ کس تک پہنچتا ہوگا اخبار بھی پانچ چھ روپے کا ہوتا ہے تو کیا انہوں نے اپنے طور پر ان اداروں سے بھی کوشش کی۔ کیونکہ جو آئیڈیا ہے وہ یہ ہے کہ مختلف قسم کے ہمارے

جو معذور افراد ہیں وہ مختلف اداروں میں کسی طرح فکس ہوجائیں۔ ان کا کوئی ایسا نقصان نہیں ہو جاتا میں نے بنکوں میں دیکھے ہیں۔ آپ نے خود دیکھا ہوگا ایک زمانے میں سرتاج عزیز صاحب نے بڑا زور لگایا تھا فنانشل اداروں میں کہ آپ کچھ نہ کریں بس بھرتی کریں۔ تو ایک فیصدی کے قریب ہونے لگے تھے وہاں بھی پورے نہیں ہوئے۔ جناب یہ تعصب ہے حکومت میں، حکومت کے بڑے بڑے لوگوں میں ہمیشہ سے، آج کی بات نہیں کر رہا ہوں، یہ تعصب چلا آرہا ہے کہ کوئی اندھا آکر بیٹھ جائے گا نعوذ باللہ، کوئی لنگڑا آکر بیٹھ جائے گا۔ جناب یہ پورا رویہ بدلنے کی ضرورت ہے، پہلے تو منسٹر صاحب میری اس بات کا جواب دیں کہ کیا تشہیر کیا گیا تھا اور دوسری بات یہ ہے کہ اگر اس کا جواب تسلی بخش نہیں تھا یا ایسے لوگ آئے جو انٹرویو کے لئے ان فٹ ثابت ہوئے تو کیا انہوں نے ان اداروں سے رجوع کیا کہ ہم کو ایسے آدمی چاہیئے آپ دیجئیے۔

جناب چیئرمین: جی منسٹر برائے مواصلات۔

راجہ نادر پرویز خان: شکریہ جناب، پہلی چیز یہ کہ جیسے قاضی صاحب نے ابھی تشریح کی کہ disabled mean that he should be able to work physically دوسری چیز یہ ہے کہ میں گورنمنٹ کی طرف سے آپ کو یقین دلانا چاہتا ہوں ہم نے کسی معذور فرد کو جو criterion کے مطابق فٹ ہوتا تھا، پی، ٹی، سی، ایل میں ہم نے کام سے انکار نہیں کیا۔ اگر انکار کرتے تو آج جو چالیس معذور افراد ہمارے پاس کام کر رہے ہیں وہ بھی نہ ہوتے۔ تیسرا یہ ہے کہ گورنمنٹ کی ہدایات آئی ہیں کہ جو سپیشل فنڈ بنایا گیا ہے under this rule اس میں یہ پیسہ جائے گا

Our government has a plan for the disabled persons for their rehabilitation and fixing up their job تاکہ وہ لوگ اس پر کام کر سکیں۔ چوتھا سوال یہ تھا ان کا کہ آیا آپ نے کوئی تشہیر advertisement دی جس دن سے I have taken over this organization, نہیں ہوئی مجھ سے پہلے اگر تشہیر ہوئی ہے تو میں I can go back and check it up and come with that.

ڈاکٹر جمیل الدین عالی: میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ وہ ادارے یقیناً ان کو ایسی تعداد خاصی مہیا کر دیں گے، کوئی ایسا خاص ٹیکنیکل کام نہیں ہے۔ سینکڑوں ہزاروں لوگ ہیں، پچپن ہزار آدمی ہیں۔ میں آپ کی معرفت سے ان سے عرض کروں گا کہ خدا کے واسطے وہ

بھی ہم ہی ہیں کل میں بھی معذور ہو سکتا ہوں، خیر آپ نہ ہوں خدانخواستہ میں ہو سکتا ہوں اور معذور کی تعریف یہ نہیں کہ جو کام نہ کر سکے۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ جب ملازم رکھیں گے تو یہ ضرور دیکھیں گے کہ میرا کام کر سکے۔ اگر ایک شخص اندھا ہے تو ٹیلیفون آپریٹر تو بن سکتا ہے وہ کئی چیزیں کر سکتا ہے۔ کسی کے ہاتھ نہیں ہیں تو وہ کوئی اور کام کر سکتا ہے۔ تو میرے خیال میں ہے یہاں پر جو معذور کی definition ہے disabled کی۔

Disabled person means a person who on account of injury, disease or congenital deformity is handicapped for undertaking any gainful profession or employment in order to earn his livelihood and include the person who is blind, deaf, physically handicapped or mentally retarded.

تو مطلب ہے کہ جو کام کر سکتا ہے۔ یہ تو نہیں کہ handicapped کچھ نہیں کر سکتا۔

Qazi Muhammad Anwar: There is a provision in this job that the Government shall make rules for carrying out the object of this ordinance. I do not have ordinance right now with me but I remember the language.

جناب چیئرمین: وہ بھی میں پڑھ دیتا ہوں۔ An establishment will does employ a disabled person منسٹر صاحب یہ نوٹ کر لیں

an establishment which does not employ a disabled person as required by Section 10 shall pay into the fund each month with sum of money it would have paid as salary or wages to a disable person, had he been employed?

تو پہلی چیز تو یہ ہے کہ بظاہر کوئی وجہ نہیں ہے کہ تنخواہ تو آپ دے ہی رہے ہیں۔ آپ کہہ رہے ہیں کہ آپ نے پرائیوٹائز کرنا ہے، آپ کنٹریکٹ پر بھی رکھ سکتے ہیں۔ یہ چیک کریں کہ آپ کے فیصد کے حساب سے کتنے بنتے ہیں۔ اس حساب سے فنڈز میں پیسے دیئے ہیں کہ نہیں دیئے ہیں۔ اگر چالیس کے دے رہے ہیں اور پانچ سو بنتے ہیں تو بھی غلط ہے لیکن یہ کوئی بات نہیں بنتی کہ بھئی آپ کے پاس ایک پرویژن ہے کسی معذور کو rehabilitate کرنے کا۔ why

کنٹریکٹ پر کر سکتے ہیں جو بعد میں فارغ بھی کئے should you just pay salary and not him جا سکتے ہیں۔ تو دیکھ لیں۔ So, this is the provision جی جناب خواجہ قطب الدین صاحب۔

خواجہ قطب الدین : یہ بڑا اہم سبجیکٹ ہے ۔ آپ یورپ جاتے رہتے ہیں۔ آپ نے خود نوٹس لیا ہوگا کہ disabled people کو maximum possible اہمیت دی جاتی ہے اور وہ طریقے پیدا کئے جاتے ہیں تاکہ وہ معذور person اپنے آپ کو ایک useful and protective member of the society بنا سکے۔ اب منسٹر صاحب نے یہ فرمایا کہ کوٹے کے حساب سے چار سو، پانچ سو لوگوں کو ملازمتیں دینی ہونگی ۔اسی طریقے سے واپڈا میں اس سے زیادہ ہوگا ۔اسی طریقے سے کے ای ایس سی میں اور دوسرے اداروں میں ، کیا معزز وزیر نے یہ سوچا ہے کہ جناب جب آپ pay ہی کر رہے ہیں اس فنڈ میں جو فنڈ میں جا کر پتہ نہیں کہاں وہ پیسے استعمال ہوتے ہیں تو آپ جب پانچ سو لوگ ملازم کرنا چاہ رہے ہیں تو کوئی ٹریننگ کی سہولت ، آپ کے پاس vast sprawling complexes , all over the Pakistan ہیں یہ معذور افراد کے لئے آپ کوئی ٹریننگ پر سپیشل فوکس کریں کہ کس جگہ پر معذور لوگوں کو ملازم کر سکتے ہیں ان کو بلائیں ان کو ٹرینڈ کریں and then you induct them into service . اگر یہ ادارے بنائیں تو ہو سکتا ہے دوسرے ادارے بھی follow کریں بجائے اپنی جان چھڑانے کی خاطر جو employ نہیں کرتے جو ضرورت ہے وہ جا کر فنڈ میں پیسہ دے دیتے ہیں۔میں یہ سمجھتا ہوں کہ اہم چیز یہ ہے کہ بجائے پیسہ دینے کے وہ ان لوگوں کو ٹرینڈ کریں ان کو ملازمت دیں تاکہ وہ ایک useful productive citizens of the society بنیں۔

جناب چیئرمین : جی وزیر برائے مواصلات ۔

Raja Nadir Pervaiz Khan: Sir,it is a very useful suggestion.

لیکن تین چار سو یا پانچ سو آدمیوں کے لئے علیحدہ انسٹیٹیوٹ بنانا مشکل ہو جائے گا۔ It should be done centrally from a Central Pool by the Federal Government اور وہاں سے جو لوگ ٹریننگ لے کر جاتے ہیں ۔ وہ واپڈا میں فٹ ہوتے ہیں، پی ٹی سی ایل میں فٹ ہوتے ہیں، کسی اور ادارے میں فٹ ہوتے ہیں۔

It is a very good suggestion, Sir. I agree with him.

جناب چیئرمین : جی جناب تاج حیدر صاحب۔

جناب تاج حیدر : جناب چیئرمین! یہ بنیادی معاملہ رویوں کا ہے، attitudes کا ہے۔ Unfortunately سوسائٹی میں جو رویہ پایا جاتا ہے discrimination کا ہے disabled persons کے خلاف وہ یہ ہے کہ ایک شخص جو ایک ڈیوٹی ادا کرسکتا ہے اس کے خلاف discrimination کیا جاتا ہے صرف اس بات پر کہ وہ disable ہے اور یہ سمجھا جاتا ہے کہ اس سے کسی طریقے سے پیچھا چھڑایا جائے۔ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس وقت دنیا کا سب سے بڑا Mathematician Nobel Prize Winner جس نے وہ کتاب ... The Story of لکھی ہے۔

Mr. Chairman: Stephen Hawkins.

جناب تاج حیدر : شاید ان کی دو یا تین انگلیاں move کرتی ہیں اور وہ completely paralysed ہے ۔ انہوں نے اتنا بڑا کارنامہ Blackhole Theory کا دیا ہے۔ جناب عالی جو وہ کسی job کے لئے qualify کرتے ہیں اول تو یہ کہ ان کے خلاف کوئی discrimination نہیں ہونی چاہیئے معذوری کی یہ ایک added advantage ہے ان کے لئے This Ordinance provides Sir, added advantage to them. کہ اگر وہ معیار پر پورا نہیں بھی اترتے تو بھی ان کو ترجیح دی جائے۔

جناب چیئرمین : جی جاوید اقبال عباسی صاحب۔

حاجی جاوید اقبال عباسی : جناب! جیسا کہ سوال میں بتایا گیا ہے کہ ایک فیصدی کوٹہ ہے معذور لوگوں کے لئے۔ وزیراعظم میاں محمد نواز شریف نے یہ مسئلہ کیبنٹ میں پیش کیا اور کیبنٹ ڈویژن سیکرٹری نے نوٹیفکیشن بھی کیا اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کو کہ ایک فیصدی سے بڑھا کر دو فیصدی کیا جائے۔ آیا انکے نوٹس میں یہ بات ہے اور کیا یہ اس پر عمل درآمد کرنا چاہتے ہیں؟

جناب چیئرمین : جی منسٹر برائے مواصلات۔

راجہ نادر پرویز خان : Sir from 1 to 2% is not in my knowledge.

جناب چیئرمین : بہرحال ۔ جی جناب سرانجام خان صاحب۔

جناب سرانجام خان : جناب چیئرمین ! اگر گورنمنٹ ان کو ملازمتیں نہیں دے

سکتی تو یہ جو پی سی یہ الاٹ کرتے ہیں تو اس میں معذوروں کا کوئی کوٹہ رکھا گیا ہے۔ اگر کوٹہ نہیں رکھا گیا تو میں تجویز کرتا ہوں کہ کم از کم پچاس فیصد معذور لوگوں کو یہ دیا جائے تا کہ ان کے لئے باعزت طریقے سے روزی کمانے کا ذریعہ بن جائے ۔اس پر گورنمنٹ غور کر سکتی ہے۔

جناب چیئرمین ۔جی وزیر برائے مواصلات ۔

راجہ نادر پرویز خان۔ جناب اچھی suggestion ہے اور یہ feasibility پر جو لوگ demand کرتے ہیں یا requirement پر apply کرتے ہیں ان کو ہم PCO دیتے ہیں ' if they come within the criterion اور good suggestion کہ جو disabled ہیں۔

I am ready to give them the PCO in that area, if you can look after them.

جناب چیئرمین۔ جی جناب مسعود کوثر صاحب نے ابھی تک سوال نہیں پوچھا ہے۔

سید مسعود کوثر۔ مجھ سے پہلے بھی کئی معزز اراکین نے یہ بات کہی ہے کہ disabled لوگوں کی unfortunately معاشرے میں بھی اور government میں بھی' باوجود قانون سازی کے' مدد نہیں کی جاتی اور اب بھی مجھے یوں لگتا ہے کہ اگر وزیر موصوف صاحب سے یہ سوال نہ پوچھا جاتا تو شاید اس Ministry کے متعلق ان کو زیادہ معلومات نہ ہوتیں۔ میں یہ جاننا چاہوں گا کہ ان کی Ministry کیا اس معاملہ کو سنجیدگی سے لے رہی ہے اور کوئی ایسی پالیسی وضع کر رہی ہے جس میں کہ disable لوگوں کی حوصلہ افزائی کی جا سکے۔ جناب والا! مجھے یاد ہے کہ میں جب Frontier Assembly کا سپیکر تھا تو ایک Blind Association کے لوگ آئے اور ان کا ایک کرکٹ میچ تھا اور انہوں نے مجھے بلایا تو بدقسمتی سے میں تو وہاں گیا لیکن محکمے کا نہ کوئی افسر تھا' نہ کوئی وزیر تھا' نہ کوئی اور تھا ۔ تو میں یہ جاننا چاہوں گا کہ وزیر صاحب نے اس معاملے میں کوئی ذاتی دلچسپی لے کر کوئی پالیسی بنائی ہے یا ابھی تک کوئی ایسا کام کیا ہے جس سے یہ ثابت ہو کہ وہ ان disable لوگوں کو encourage کرنے کے لئے کچھ کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ جی. Minister for Communications

راجہ نادر پرویز خان ۔ جناب as far as I am concerned, I feel کہ rehabilitation کے لئے گورنمنٹ ہر وہ اقدام کرے گی جو ممکن ہو تا کہ disable لوگوں کو

rehabilitate کیا جائے، عام شہری کی طرح روز مرہ زندگی میں وہ اپنا کردار ادا کر سکیں۔ جہاں تک پالیسی کا تعلق ہے میری کوشش ہو گی جناب کہ جتنا کوٹہ ہے we should employ those people within the PTCL چونکہ ہمارے پاس لوگ کم ہیں اور privatization ہو رہی ہے highly technical job کے لئے ہمارے پاس کم لوگ ہیں، تقریباً 40 کے قریب اس وقت disable کوٹے میں کام کر رہے ہیں ' I can assure the honourable member,Masood Kausar صاحب کہ ,government is there ان کی planning میں ہے، ان کی سوچ میں ہے، ان کی فکر میں ہے کہ ان لوگوں کو ہم rehabilitate کریں ۔ اس لئے یہ separate fund دیا جا رہا ہے تاکہ ان کو separate pool پر لاکر ان لوگوں کو employment کے لئے ایک training دی جا سکے ' institution بنایا جاسکے تاکہ اپنی روز مرہ زندگی میں وہ بھی employment لے سکیں ۔ Sir لیکن جہاں تک ہماری organization کی تجویز ہے میری طرف سے ابھی تک in specifically these Ministries ہم privatization پر زیادہ زور دے رہے ہیں۔ اس پر ابھی کوئی سکیم نہیں بنائی۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ جی۔ جی جناب زاہد خان صاحب۔

جناب محمد زاہد خان۔ میرا honourable Minister صاحب سے question ہے کہ PTCL کے چیئرمین جو تین سال کے لئے contract پر تھے ' اخبارات کے ذریعے معلوم ہوا ہے کہ ان کو ایک سال کے لئے اور contract پر لیا گیا تو اس کی وجہ کیا ہے ' کیوں لیا گیا اور ان کی department کے لئے کوئی خاص کارکردگی ہے اور اگر ان کی کوئی خاص کارکردگی ہے تو وہ بتا دیں کہ کیا ہے۔

Mr. Chairman: Minister for Communications.

راجہ نادر پرویز خان۔ جناب یہ disable کوٹے میں آتا ہے یا able کوٹے میں آتا ہے۔

جناب چیئرمین۔ جی able کوٹے میں۔ مقصد ان کا یہ ہے کہ the question does not arise of this.

جناب محمد زاہد خان۔ یہ able کوٹے میں آتا ہے اور یہ بہت بڑا department

ہے۔ اسی پر discussion چل رہی ہے ' PTCL پر question چل رہا ہے اور PTCL کے head کی میں بات کر رہا ہوں۔ کوئی باہر سے نہیں ہے۔

راجہ نادر پرویز خان۔ I answer the honourable member. جناب جس آدمی کو contract دیا جاتا ہے اس کی efficiency, اس کی کارکردگی' اس کی performance سامنے رکھ کر کیا جاتا ہے اور پھر جیسے ہماری organization کو privatize کیا جا رہا ہے we need professionals اور ان professionals کو ہم contract پر لے کے آئے ہیں تاکہ اس عمل کو ایک اچھے طریقے سے ' احسن طریقے سے مکمل کیا جا سکے۔ جہاں تک اس آدمی کی extension کا تعلق ہے

sir, it has been done by highest authority in this country and that person is competent and he possesses that requirements.

جناب چیئرمین۔ شکریہ جی۔ حئی صاحب۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ جناب ویسے تو ہمارے ملک میں جو صحت مند نوجوان ہیں وہ بھی بے چارے دھکے کھا رہے ہیں' ہنر مند اور غیر ہنر مند ۔ ویسے معذور افراد کے ساتھ اس ملک کے اندر بہت ظلم ہو رہا ہے جناب۔ یہ حقیقت ہے ' یہ در در کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں کوئی ان کو پوچھتا نہیں ہے' نہ کوئی ان کو training دیتے ہیں' نہ ان کو rehabilitate کرنے کی کوئی کوشش کرتا ہے اور حکومت کا اپنا مقرر کردہ کوٹہ ہے جناب 1% ۔ جناب چیئرمین صاحب! میں یقین سے کہتا ہوں کہ یہ 1% پر بھی عمل درآمد نہیں ہو رہا ہے۔ اس لئے ان کے بارے میں سخت گیر ہیں' آپ کے توسط سے میں یہ پوچھنا چاہوں گا ان سے کہ Federal Government اور صوبائی حکومتیں جو زیادہ مسلم لیگ کی ہیں سارے پاکستان میں' چلیں اپنے دور میں اس معزز ایوان کو یہ۔۔

جناب چیئرمین: آپ سوال کرتے ہیں اور ادھر ادھر ہو جاتے ہیں ۔ آپ سوال پوچھ لیں تو بہتر ہے ۔ کیا فیڈرل حکومت اور صوبائی حکومتیں --- آپ کا سوال کیا ہے؟

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ: میرا سوال یہ ہے جناب کہ فیڈرل گورنمنٹ اور صوبائی حکومتیں جو مسلم لیگ کی ہیں بیشتر' اپنے دور حکومت میں یہ اس معزز ایوان کو یہ یقین دلائیں کہ یہ جو 1%

کا کوٹہ ہے اس پر عملدر آمد ہو گا۔ یہ یقین تو دلائیں کہ کم از کم ان کو جو 1% ملتا ہے وہ ملے گا۔

جناب چیئرمین: جی جناب Minister for Communication.

